# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ایک میلا (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو لَے، آہنگ اور درست تلفظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب، ڈبا، الفاظ کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- میلے کی تصویریں ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- یہ ٹوکری دونوں گروہوں کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی تصویر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان کے پاس جو تصویر آئی ہے، اس سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو تصویر سمیت بلائیں اور اسے تصویر کا نام بتانے اور اس کے بارے میں چند جملے بولنے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔
- سرگرمی اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں لوگوں کی تفریح کے لیے میلوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ میلوں میں بچے، بڑے سبھی خوش نظر آتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک خوب صورت سی نظم پڑھیں گے۔
- نظم کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔ نظم "ایک میلا" میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کے مختلف گروہ بنا کر وہ لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھا لیں۔

| |
|---|
| بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پرچیاں لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔<br>• بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 34 کھول کر دکھاتے ہوئے ہدایت دیں کہ وہ بھی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 34 کھولیں۔<br>• نظم کی بلند خوانی نمونے کے طور پر پہلے خود کریں۔ ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔<br>• مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔<br>• اب بچوں کے تین گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو نظم کا تین تین شعر تفویض کر دیں۔ اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔<br>• جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔<br>• اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے نداز میں۔ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔<br>• دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔ نظم سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے مختلف سوالات بھی پوچھیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے پڑھائی گئی نظم کے اشعار کی بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** نظم کی پڑھائی کر کے آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: ایک میلا (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں، چارٹ کی بنی ہوئی ناشپاتیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔
- ایک کالم میں میں "الفاظ" اور دوسرے میں "معانی" لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 35 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "سوہنی رات" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ اور معانی پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق الفاظ "زیب تن، لوگوں کا ریلا، من، بھیڑ، ڈھول ڈھمکا" پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نظم "ایک میلا" سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو نظم پڑھنے کے لیے کچھ وقت دیں۔

- اب بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور ان کے ساتھ "پہیا گھماؤ، جواب بتاؤ" کا کھیل کھیلیں۔
- بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری رکھیں جس میں کتاب کے صفحہ نمبر 35 پر تفہیم کے سوال نمبر میں 1 دیے گئے سوالات پر مشتمل پرچیاں بند کر کے ڈال دیں۔ ٹوکری کے پاس گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھ دیں، جس پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ جس نمبر پر پہیا رکے گا، اس نمبر کی پرچی بچہ ٹوکری میں سے نکال کر واپس اپنی سیٹ پر چلا جائے گا۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر لکھے ہوئے سوالات پڑھیں اور ان کے جوابات سوچیں۔
- اس دوران میں سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھ دیں اور ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔ جس گروہ کے پاس وہ سوال آیا ہو گا، اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر اس سوال کے نیچے اس کا جواب لکھے گا۔ درست پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات بتانے والے گروہوں کو شاباش دیں۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر میں 1 دیے گئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے ان کے جوابات لکھیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کی بلند خوانی بھی کرواتے جائیں۔
- بچوں سے ان کی اردو کی کاپیاں کھلوائیں اور انھیں تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے پہلے چار سوالات اور ان کے جوابات کاپیوں پر لکھنے کے لیے کہیں۔ کام کرنے کے دوران میں بچوں کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں مدد یا رہنمائی درکار ہو فراہم کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) الفاظ کے معانی اور سوالات کے جوابات دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: ایک میلا (نظم) | |

**مقاصد:** درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب۔ لفظی جیب، الفاظ کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج نظم "ایک میلا" سے متعلق مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار نظم کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں (Strips ) دیں، جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو مصرعے پر کرنے کے لیے تین تین لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران مین بورڈ پر وہی ادھورے مصرعے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ تختہ تحریر پر لکھے ہوئے مصرعوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا مصرع آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر مصرع مکمل کرے اور اس کا اگلا مصرع بتا کر شعر مکمل کرے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہوگی، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- جماعت کے دو گروہ بنا لیں دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔

- گروہ 'الف' کو کالم الف پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ 'ب' کو کالم ب پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- اب کالم الف کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود مصرع اور بلند آواز سے پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرع گروپ 'ب' کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرع پڑھ کر شعر مکمل کرے۔ اسی طرح تمام مصرعوں سے اشعار کی تکمیل کروائیں۔
- اس سرگرمی کے بعد بچوں سے کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: اردو | سبق: میلا (نظم |
|---|---|---|

سوال 1: کالم الف کو کالم ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| میرے گاؤں کا | اور اِک بندر |
| پیارے پیارے | صَحن ہے سارا |
| بکرا، بھالو | میلا آیا |
| روشن روشن | رات یہاں ہے |
| دِن سے سوہنی | لوگ ہیں آتے |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: میلا (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو کہانی کی صورت میں سنا سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر اظہارِ خیال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، سیٹی

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- نظم کے سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک سیٹی دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے سیٹی بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو نظم کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- ان کی جوڑیاں بنائیں۔ اور آپس میں بات چیت کر کے اسے کہانی کی صورت میں سنانے کے لئے کہیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ اگر انہیں کسی میلے میں جانے کا موقع ملے تو وہ کیسا محسوس کریں گے۔ سوچنے کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے اپنا اظہارِ خیال کرنے کے لیے کہیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اس دوران میں ہونے والی اغلاط یا جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، ایک صفحے پر نوٹ کرتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ بعد ازاں نوٹ کیے گئے الفاظ بچوں سے درست تلفظ کے ساتھ دو سے تین بار پڑھوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ " لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: میلا (نظم) | |

**مقاصد:** حروف الگ الگ کر کے لکھ سکیں۔ آخری حرف سے نیا لفظ بنا سکیں۔
چھپائی کے پیچیدہ تصورات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، لڈو (تصاویر پر مبنی)

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ سب تیار ہو جائیں، ہم اب ایک دل چسپ کھیل کھیلیں گے۔
- اب فرش پر مختلف چیزوں کی تصاویر پر مبنی لڈو بچھائیں۔
- اب کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے پاسا (Dice) دیں اور اس سے کہیں کہ وہ لڈو پر گھما کر پاسا پھینکے۔
- پھر وہ پاسا جس تصویر پر رکے گا، وہ بچہ اس تصویر کا نام بتائے گا اور اس کے نام میں موجود حروف الگ الگ کرے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے مختلف بچوں سے کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب تختہ تحریر پر لفظ "لوگ" لکھیں۔ بچوں سے لفظ پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ لفظ "لوگ" میں کتنے حروف ہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اب بورڈ پر متناسب کے حروف "ل۔ و۔ گ" الگ الگ کر کے لکھیں۔ آخری حرف سے نیا لفظ گول بنائیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپ الفاظ بولیں گے یا گی۔ انھوں نے غور سے الفاظ سننے ہیں اور پھر ان کے حروف الگ الگ کرنے ہیں اور آخری حرف سے نیا لفظ بنانا ہے۔ اب لفظ "مرغ" بولیں۔ جس گروہ کے بچے پہلے ہاتھ بلند کریں، ان کے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 6 کے تحت دیے ہوئے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ درست الفاظ بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔
- اب سوال نمبر 7 میں دی گئی عبارت بچوں سے پڑھوائیں۔ انہیں چھپائی کے پیچیدی تصورات کی نشان دہی کروائیں۔
- متفرق بچوں سے جملے کا پہلا اور آخری حرف بھی پوچھیں۔

| |
|---|
| • مزید ان سے پوچھیں کہ اس عبارت میں ختمہ کی علامت کہاں اور کتنی بار استعمال ہوئی ہے؟ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں، غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 6 میں دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے حروف الگ الگ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے الفاظ کاپیوں میں لکھیں اور ان کے حروف الگ الگ کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: میلا (نظم) | |

**مقاصد:** فعل کی اقسام کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب، گیند، گھنٹی

**تحریکی سرگرمی (5 منٹ)**

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت میں جانے سے پہلے آئس کریم اسٹیکوں پر اور حال کے جملوں کو لکھیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ سے ایک بچہ کو بلا کر دائرے میں کھڑا کریں۔
- اب دائرے میں کھڑے بچے کو گیند دیں خود گھنٹی بجانا شروع کریں۔
- بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔ اس طرح بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں اب ٹوکری میں سے ایک اسٹک اس بچے کو دیں جس کے ہاتھ میں اسٹک ہو۔ اسے اسٹک پر لکھا ہوا جملہ **فعل ماضی** میں تبدیل کرنے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر 2 نمبر جبکہ غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے بتانے کا موقع دیا جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں سے **فعل حال** کی تعریف پوچھیں۔
- انھیں بتائیں زمانے کے لحاظ سے **فعل** کی تین اقسام ہیں۔

  **فعل ماضی**     **فعل حال**     **فعل مستقبل**
- انھیں **فعل حال** کا تصور سمجھائیں اور بتائیں وہ **فعل** جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا موجودہ زمانے میں پایا جائے۔ **فعل حال** کہلاتا ہے۔
- بورڈ پر جملے لکھیں۔    علی سکول جاتا ہے۔    رانی کتاب پڑھتی ہے۔
- بچوں کو بتائیں یہ جملے **فعل حال** کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اس سوال نمبر 8 میں دیے گئے جملے بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے **فعل حال** کے جملوں کی شناخت کروائیں۔
- اس کے بعد انھیں ہدایت دیں کہ سوال کو بورڈ سے دیکھتے ہوئے کاپی پر اتاریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سوال نمبر 8 میں دیے گئے جملے لکھیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر انھیں زمانے کے مطابق جملوں کی شناخت کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔ |